# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 23rd January, 2025 at 2.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MS. ASIYA NAZ TANOLI** **MR. AQEEL MALIK**
**MR. IBRAR AHMAD** to invite attention of the Minister for Defence to a matter of urgent public importance regarding non-opening of more Federal Government Schools in District Rawalpindi, causing grave concern amongst the public.

**MOTION**

**4.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister of State for Information Technology and Telecommunication to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said Rules be dispensed with in order to take into consideration the Digital Nation Pakistan Bill, 2024.

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**5.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister of State for Information Technology and Telecommunication to move that the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance [The Digital Nation Pakistan Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister of State for Information Technology and Telecommunication to move that the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance [The Digital Nation Pakistan Bill, 2024], be passed.

**PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE – PRESENTATION OF:**

**7.** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**8.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**9.** **MR. MUHAMMAD ALI SARFRAZ** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding non-recognition of professional medical articles by PMDC already published in the medical journals, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**22nd January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۲۳ جنوری، ۲۰۲۵ء دو پہر دو بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ محترمہ آسیہ ناز تنولی جناب عقیل ملک جناب ابرار احمد وزیر برائے دفاع کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ضلع راولپنڈی میں مزید وفاقی سرکاری اسکول نہ کھولنے سے متعلق ہے۔

### تحریک

۴۔ محترمہ شیزیٰ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل، ۲۰۲۴ء کو زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات موقوف کی جائیں۔

### قانون سازی

۵۔ محترمہ شیزیٰ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کو ایک ڈیجیٹل ملک میں ڈھال کر اسے ایک ڈیجیٹل معاشرے، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل گورننس کے قابل بنانے کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ محترمہ شیزیٰ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کو ایک ڈیجیٹل ملک میں ڈھال کر اسے ایک ڈیجیٹل معاشرے، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل گورننس کے قابل بنانے کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

### قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹ کا پیش کرنا

۷۔ جناب پُلین، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

### نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۸۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۹۔ جناب محمد علی سرفراز وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو پی ایم ڈی سی کی جانب سے طبّی جرائد میں شائع شدہ پیشہ ورانہ طبّی آرٹیکلز کو تسلیم نہ کئے جانے سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
۲۲ جنوری، ۲۰۲۵ء

طاہر حسین
سیکرٹری جنرل

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 23rd January, 2025.

### TO BE READ AFTER ITEM NO. 6

#### PRESENTATION OF THE REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**6A. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025].

#### MOTION

**6B. SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior, to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said Rules be dispensed with in order to take into consideration the Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025.

#### LEGISLATIVE BUSINESS

**6C. SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior, to move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6D. SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior, to move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**Islamabad, the**
**23rd January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ضمنی نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۲۳ جنوری، ۲۰۲۵ء کو منعقد ہو گا۔

## آئٹم نمبر ۶ کے بعد پڑھا جائے

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶/الف۔ **راجا خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [الیکٹرانک جرائم کی روک تھام (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

### تحریک

۶ ب۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام بل، ۲۰۲۵ء کو زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات موقوف کی جائیں۔

### قانون سازی

۶ ج۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [الیکٹرانک جرائم کی روک تھام (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶ د۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [الیکٹرانک جرائم کی روک تھام (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

**اسلام آباد،**
**۲۳ جنوری، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**